© rasailojaraid.com

تبصرے

سعید احمد اکبرآبادی

تجلیاتِ حق از الطاف احمد صاحب اعظمی۔ (علیگ)، متوسط ضخامت ۳۸۴ صفحات،
کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد دس روپیہ، پتہ مرکز تحقیقات و اشاعت علوم قرآن جونپور

یہ کتاب قرآن اور سائنس کی روشنی میں وجود خدا کے اثبات میں لکھی گئی ہے حقیقت یہ ہے کہ وجود خدا کے اصل دلائل وہی ہیں جو قرآن مجید میں بیان کیے گئے ہیں یہ دلائل انسانی وجدان کو اپیل کرتے ہیں۔ اور اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ وجدانی علم بہ نسبت عقلی علم کے کہیں زیادہ یقین افروز ہوتا ہے اکبر الٰہ آبادی نے اس شعر میں اسی حقیقت کو بیان کیا ہے ؎

تو دل میں تو آتا ہے سمجھ میں نہیں آتا
بس جان گیا میں تیری پہچان یہی ہے۔

رہی سائنس! تو خدا کے وجود کا اثبات یا انکار سائنس کی حدود سے باہر ہے ذات خداوندی ایک مابعد الطبعیاتی حقیقت ہے اور سائنس طبیعیات سے سروکار رکھتی ہے اس سے آگے نہیں جا سکتی۔ اس کتاب میں لائق مصنف نے دونوں قسم کے دلائل بیان کئے ہیں۔ لیکن ہمارے نزدیک انہوں نے جو انفسی اور آفاقی دلائل صاف اور سلیس اور شگفتہ زبان میں تحریر کئے ہیں اصلی دلائل وہی ہیں۔ ان کے علاوہ جو سائنسی دلائل "لکھے" ہیں۔ ان کی حیثیت زیادہ سے زیادہ ضمنی دلائل کی ہے۔ ایک مفکر اور سائنس داں ان دلائل سے خدا کے وجود کا قائل نہیں ہو سکتا

© rasailojaraid.com